# 2213 ـ بال بالکل ختم کرنے لیے کسی وسیلہ کا استعمال

**سوال**

جسم کے بال صاف کرنے میں کئی ایسے طریقہ پائے جاتے ہیں جن کے استعمال سے دوبارہ بال آتے ہی نہیں، اس لیے ان طریقوں کے استعمال کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جسم کے جن بالوں کو صاف کرنے کا حکم ہے ( مثلا بغلوں اور زیرناف بال ) یا وہ بال جن کو صاف کرنا مباح ہے ( مثلا ہاتھوں اور پنڈلیوں کے بال ) کسی بھی طریقہ سے صاف کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ اگر وہ طریقہ مضر اور نقصان دہ نہ ہو، چاہے اس طریقہ کے استعمال سے دوبارہ بال نہ ہی آئیں.

واللہ اعلم .